پریس ریلیز 9 مارچ 2022

گجرات چیمبر آف کامرس میں نعیم امتیاز گوندل صدر گجرات چیمبر کے زیر صدارت سمیڈا کے تعاون سے پاکستان سنگل ونڈو پر ایک ٹریننگ سیشن منعقد کروایا گیا۔سیشن میں نبیل رمضان، شیخ اویس امجد ایگزیکٹو ممبران گجرات چیمبر، چوہدری رخسار احمد آر بی سی سمیڈا، چیئر مین سٹینڈنگ کمیٹیز، امپورٹ ایکسپورٹ سیکٹر سے منسلک کاروباری حضرات اوران کے نمائندگان نے شرکت کی۔

نعیم امتیاز گوندل صدر گجرات چیمبر آف کامرس نے کہا کہ پاکستان سنگل ونڈو ایک ایسی سہولت ہے جس کے ذریعے امپورٹ، ایکسپورٹ سے متعلقہ کاروبار اپنے تمام آپریشنز ایک سنگل پوائنٹ پر انجام دے سکیں گے۔ یہ ایک انقلابی اقدام ہے جس کے ذریعے تجارت کو فروغ اور ٹریڈنگ کاسٹ کو کم کیا جاسکے گا۔ آج کے سیشن میں متعلقہ شعبوں سے منسلک کاروباری حضرات کو تفصیلی بتایا جائے گا کہ پاکستان سنگل ونڈو کیا ہے، اس کے کیا فوائد ہیں، اس پر رجسٹر کیسے کیا جاسکتا ہے، کونسے ڈاکومینٹس کی ضرورت ہے، اس سے متعلق بینکنگ کا کیا طریقہ کار ہوگا اور متعلقہ سیکٹر سے منسلک بزنس مینوں کے سولات کے تفصیلی جوابات دیئے جائیں گے۔ میں آپ سے امید کرتا ہوں کہ آج آپ کو جو معلومات فراہم کی جائے گی آپ اس سے بھر پور فائدہ اٹھائیں گے۔

محمد ادریس اصغر ٹریز سمیڈا نے حاضرین کو پاکستان سنگل ونڈو کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی اور کہا کہ پاکستان سنگل ونڈو ایک ون سٹاپ پلیٹ فارم ہے جس کا مقصد ٹریڈ کو آسان کرنا اور کاسٹ کو کم کرنا ہے۔اس کو اگست 2021 میں باقائدہ لانچ کردیا گیا تھا۔پاکستان کے 74 سے زیادہ ادارے اس سسٹم کے ساتھ منسک ہوں گے جس کی وجہ سے آپ کو ہر ادارے کے پاس علیحدہ نہیں جانا پڑے گا اور وقت اور پیسوں کی بہت بچت ہوگی۔متعلقہ ادارے سے این اوسی حاصل کرنے کا طریقہ کار بھی اس سسٹم کی وجہ سے بہت آسان ہوگیا ہے۔ اس سسٹم کو بہت آسان رکھا گیا ہے اور کوئی بھی اس کے ساتھ آسانی سے رجسٹر ہوسکتا ہے۔محمد ادریس اصغر ٹریز سمیڈا نے میٹنگ کے شرکاء کو سنگل ونڈو پر رجسٹریشن کا طریقہ کار بھی تفصیلی سمجھایا اور اس کے لیے متعلقہ ڈاکومنٹس، بینک کی پالیسیز کے بارے میں بھی سمجھایا اور میٹنگ کے شرکاء کے پاکستان سنگل ونڈو کے متعلق سوالات کے تفصیلی جوابات بھی دیئے۔سیشن کے اختتام پر سیشن کے شرکاء میں سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کیئے گئے۔